# BLUE PRINT FOR QUESTION PAPER

**Class : 1st PUC**
**Max. Marks - 100** **Subject : URDU (08)** **Time – 3:15 Hours**

| Appreciation 5% | Expression 25% | | | Comprehension 40% | | | Knowledge 30% | | | Syllabus | سلسلہ نمبر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 3 | 2 | 1 | | |
| | | | | | 1 | 1 | | | 1 | حضور اکرم ﷺ بہ حیثیت معلمِ انسانیت | .1 |
| | | | | | 1 | | | | 1 | عقل | .2 |
| | | | | | 1 | | | 1 | 1 | دعا | .3 |
| | | | | | 1 | | | | 1 | بحث و تکرار | .4 |
| | | | | | | 1 | | 1 | 1 | ہمارے خانساماں | .5 |
| | | | | | | 1 | | | 1 | ہفت افلاک سے آگے | .6 |
| | | | | | | 1 | | 1 | 1 | قصہ بلٹ ٹرین کا | .7 |
| | | | | | | 1 | | | 1 | ممتاز شیریں | .8 |
| | | | | | | 1 | | | | ہمزہ کا بیان | .9 |
| | | | | | 1 | | | | 1 | چھتری | .10 |
| | | | | | | 1 | | 1 | 1 | مردہ گھر | .11 |
| | | | | | | 1 | | | | حمد | .12 |
| | | | | | | 1 | | | | نعت | .13 |
| | 1 | | | | | | | | | دنیا دارالامکافات ہے | .14 |
| | | | | | | 1 | | | | دولت اور وقت | .15 |
| | | | | | | 1 | | | | یک نوجوان کے نام | .16 |
| | | | | | | 1 | | | | زندگی | .17 |
| | 1 | | | | | | | | | کرناٹک | .18 |
| | | | | | | 1 | | | | خواہش | .19 |
| | | | | | | | | | | اکائی | .20 |
| | 1 | | | | | 1 | | | | پیارا وطن ہمارا | .21 |
| | | | | | | | | | | ایک دوست کے لیے | .22 |

| 5 | 5 | 4 | 2 | 5 | 4 | 2 | 3 | 2 | 1 | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | 1 | | | | 1 | | | غزل میر تقی میر | 23. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل مرزا غالب | 24. |
| | | | | | | | 1 | | | غزل مومن | 25. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل شاد عظیم آبادی | 26. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل حسرت موہانی | 27. |
| | | | | | | | 1 | | | غزل فیض احمد فیض | 28. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل ناصر کاظمی | 29. |
| | | | | | | | | | | غزل مجروح سلطان پوری | 30. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل محمود ایاز | 31. |
| | | | | | | | | | | غزل حمید الماس | 32. |
| | | | 1 | | | | | | | غزل پروین شاکر | 33. |
| | | 1 | | | | | | | | رباعیات اکبر الہ آبادی | 34. |
| | | 1 | | | | | | | | رباعیات امجد حیدر آبادی | 35. |
| | | | | | | | | | | رباعیات عطا کلیانوی | 36. |
| | | | | | | | | | | حروف | 37. |
| | | | | | | | | | | الفاظ و معنی | 38. |
| | | | | | | | | | 4 | مرکبات (سابقے، لاحقے) | 39. |
| | | | | | | | | | | ہم صوت الفاظ | 40. |
| | | | | | | | | | | ذو معنی الفاظ | 41. |
| | | | | | | | | | 5 | مترادفات | 42. |
| | | | | | | | | | | تکرار لفظی | 43. |
| | | | | | | | | | | واحد جمع | 44. |
| | | | | | | | | | 5 | اضداد | 45. |
| | | | | | | | | | 4 | الفاظ کی جنس | 46. |
| | | | | | | | | | 4 | فعل، فاعل اور مفعول | 47. |
| | | | | | | | | 3 | | شعری اصناف | 48. |
| | | | | | | | | 6 | | جملہ سازی | 49. |
| | | | | | 1 | | | | | مضمون نویسی | 50. |
| | | | | | 1 | | | | | ترجمہ | 51. |

DEPARTMENT OF PRE UNIVERSITY EDUCATION

# 1st PUC Model Question Paper

| Subject Code - 08 | Subject: URDU اُردو | Total No. of Questions - 61 |
|---|---|---|
| Time - 3: 15 Hours | | Maximum Marks - 100 |

ضروری ہدایات: ۱) تمام سوالات کے جواب مطلوب ہیں۔
۲) ہر سوال کے محاذی نشان درج ہیں۔

**I. (الف) درجِ ذیل سوالوں کے دیے گئے متبادل جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر لکھیے۔** **5X1=5**

1. دین و دنیا کا کام کس سے چلتا ہے؟

a) دل　　b) عقل

c) جذبہ　　d) احساس

2. تہذیب میں ترقی سے کیا ہوتا ہے"

a) انسان کے اخلاق کی اصلاح ہوتی ہے　　b) ملک ترقی کرتا ہے

c) تکرار میں کمی آتی ہے　　d) سماج میں خوش حالی آتی ہے

3. سوویت یونین نے پہلا مصنوعی سیارہ کب بھیجا؟

a) 1974　　b) 1964

c) 1954　　d) 1944

4. ممتاز شیرین اور صمد شاہین نے کونسا اردو رسالہ جاری کیا؟

a) نیا دور　　b) نیا ورق

c) نیا ادب　　d) نیا زمانہ

5. وینکٹ رامن کون تھا؟

a) ہوٹل کا بیرہ تھا　　b) نائی تھا

c) وارڈ بوائے تھا　　d) بھنگی تھا

**(ب) قوسین میں دیے گئے مناسب مترادف کے استعمال سے خالی جگہوں کو پر کیجیے۔** **5X1=5**

6. اقبال = ____________ (بلندی، زوال، غرابت)

7. الم = ____________ (پرچم، غم، خوشی)

8. چرخ = ____________ (آسمان، زمین، فضا)

9. صدا = ____________ (ہمیشہ، شور، آواز)

10. رقیب = ____________ (دشمن، دوست، شناسا)

**(ج) "الف" اور "ب" کو جوڑ کر اضداد بنائیے۔** 5X1=5

| | الف | ب |
|---|---|---|
| .11 | نہاں | منفی |
| .12 | مثبت | گدا |
| .13 | عرش | انجام |
| .14 | آغاز | عیاں |
| .15 | شاہ | فرش |

**(د) ذیل کے سوالات کے جواب ایک لفظ یا ایک جملے میں لکھیے۔** 5X1=5

.16 حضورِ اکرمؐ کے دادا عبد المطلب کی پیشن گوئی کیا تھی؟

.17 اسکول سے واپسی کے بعد بچوں نے کس بات کی ضد کی؟

.18 وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے کیا خریدتے ہیں؟

.19 مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کے مسافروں کو بد اخلاق کیوں کہا ہے؟

.20 چھتری کو ترچھا کر کے کن سے بچا جا سکتا ہے؟

**II. (الف) ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 5X2=10

.21 حضورؐ بچوں سے کس طرح پیش آتے تھے؟

.22 وضع دار طبقے کے افراد باورچی رکھنے کے بجائے نکاحِ ثانی کیوں کر لیتے ہیں؟

.23 چاند کے آس پاس سے دنیا اور آسمان کیسا نظر آتا ہے؟

.24 مجتبیٰ حسین نے جاپانی ٹرینوں کو کیوں سمجھ دار کہا ہے؟

.25 ممتاز شیریں مزاجاً کس طرح کی خاتون تھیں؟

.26 ڈاکٹر عبد الستار صدیقی کی ہمزہ سے متعلق کونسی تجویز رائج نہیں ہو سکی؟

.27 مردہ گھر میں کن لوگوں کی لاشیں شور مچاتے اٹھ بیٹھیں؟

**(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی پانچ کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھیے۔** 5X2=10

.28 اللہ تعالیٰ کی قدرت کے نمونے کیا ہیں؟

.29 حضور اکرمؐ کی رحمت کی کوئی حد کیوں نہیں ہے؟

.30 وقت کی ناقدری کا انجام کیا ہوتا ہے؟

.31 نوجوانوں کو کب اپنی منزل آسمانوں میں نظر آتی ہے؟

.32 زندگی کس کی مالک اور کس کی فاتح ہے؟

33. شاعر منبر پر کھڑے لوگوں سے کیا کہہ رہا ہے؟

34. پھول کہاں کہاں مہکتے ہیں؟

**III. (الف) ان میں سے کسی تین سوالات کے جواب پانچ تا سات جملوں میں لکھیے۔** 3X4=12

35. خادموں کے ساتھ حضورِ اکرمؐ کے حسن سلوک کا واقعہ بیان کیجیے؟

36. ملّا وجہی نے عقل کی کیا خوبیاں بیان کی ہیں؟

37. سلیم نے طوفان، بارش اور بجلی سے بچنے کی کونسی دعائیں بتائیں؟

38. مضمون نگار نے نامہذب آدمیوں کی مجلس کا منظر کیسے کھینچا ہے؟

39. پہلے شخص نے چھتری کے کون کونسے فائدے بیان کیے ہیں؟ مفصل لکھیے۔

**(ب) کسی دو جملوں کی بحوالہ متن وضاحت کیجیے۔** 2X2=4

40. "بارش آنے والی ہے۔ کپڑے اٹھاؤ"

41. "صاحب! آج کل وفادار مالک کہاں ملتے ہیں۔"

42. "یوں بھی جاپان اور ہندوستان کا کیا مقابلہ۔ ہمارا ملک چھوٹا ہے اور آپ کا ملک عظیم۔"

43. "بخار کا بہانہ کر کے تُو گاؤں جانا چاہتا ہے کم بخت۔ چل کام کر۔"

**IV. 44. (الف) کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے۔** 1X5=5

۱) دنیا دارالمکافات ہے ۲) کرناٹک ۳) پیارا وطن ہمارا

**(ب) ذیل میں دیے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے۔** 5X2=10

45. سینکڑوں حرف ہیں گرہِ دل میں | پر کہاں پایئے لبِ اظہار

46. جہاں میں ہو غم و شادی بہم ہمیں کیا کام | دیا ہے ہم کو خدا نے وہ دل کے شاد نہیں

47. ستایا آ کے پہروں آرزو نے | جو دم بھر آپ میں آیا گیا ہوں

48. معلوم سب ہے پوچھتے ہو پھر بھی مدعا | اب تم سے دل کی بات کہیں کس زباں سے ہم

49. یاد کے بے نشان جزیروں سے | تیری آواز آ رہی ہے ابھی

50. وہ نہ چاہے تو میں بینا نہ رہوں | وہ جو چاہے تو نظر بھی آئے

51. ہمارے قحط بھی اور بارشیں بھی پوری ہوئیں | ہمارے نام کا اب تو کوئی عذاب نہ ہو

**(ج) کسی ایک رباعی کی تشریح کیجیے۔** 1X4=4

52. تھے کیک کی فکر میں سو روٹی بھی گئی | چاہی تھی شئے بڑی سو چھوٹی بھی گئی
واعظ کی نصیحتیں نہ مانیں آخر | پتلون کی تاک میں لنگوٹی بھی گئی

53. کچھ وقت سے اک بیج شجر ہوتا ہے | کچھ روز میں اک قطرہ گہر ہوتا ہے
اے بندۂ ناصبور تیرا ہر کام | کچھ دیر میں ہوتا ہے مگر ہوتا ہے

.54 (د) کسی ایک شاعر کا تعارف لکھیے۔ 1X3=3

1) میر تقی میرؔ 2) مومن خاں مومنؔ 3) فیض احمد فیضؔ

.55 ذیل میں سے کسی چار مرکبات کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 1X4=4

نامہذب - حسنِ سلوک - سرائے فانی

ردِ عمل - خود کفیل - منزلِ مقصود

.56 کسی دو الفاظ کی جنس پہچانیے۔۔ 2X1=2

ادیب مالکن حیا تکرار

.57 کسی دو کے مفعول لکھیے۔ 2X1=2

شکر حامد ترک عاقل

.58 ان سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے ایک ایک مرکب لفظ بنائیے۔ 4X1=4

[ہم] [بد] [پرست] [ستان]

.59 کسی ایک شعری صنف کی تعریف لکھیے۔ 1X2=2

نعت غزل رباعی

.60 کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ 1X4=4

1) وقت کی اہمیت 2) موسمِ بہار 3) حب الوطنی

.61 ذیل کے جملوں کا اُردو میں ترجمہ کیجیے۔ 4X1=4

1) Work is worship.

2) I am proud to be an Indian.

3) Silver is cheaper than Gold.

4) Urdu is our mother tongue.